جلد ۱۷
نمبر ۲۳
گزٹ دربار ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZET
بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ ؍ ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۶ ھ مطابق ۴ ؍ جون سنہ ۱۹۲۸ عیسوی

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	باب درجہ بندی اہلکاران سول۔	۱
۲	باب اپیل و نگرانی مقدمات فوجداری	۱و۲
۳	اضافہ [illegible] سید مشکور علی	۲
۴	برخاستگی شفاعت علی خان صاحب انسپکٹر	۳
۵	تقرر صابر علیخان۔	۳
۶	جوابات انتظام زراعتی	۴
۷	نقشہ رجسٹرار اجلاس و [illegible]	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۴ ؍ مئی سنہ ۱۹۲۸ء

بنظر خدام نوازی مابدولت اقبال کو منظور ہے کہ جملہ اہلکاران سول کے لئے (مثل فوج و پولیس) درجہ بندی قائم ہو جائے۔ اور ہر درجہ کی تنخواہ متعین ہو جائے۔ تاکہ ملازمین در صورت حسن خدمات بمیعاد معینہ ترقی تنخواہ کے مستحق ہو سکیں۔

۲- یہ کام صاحب فائننشل سکریٹری بہادر کے سپرد کیا جاتا ہے۔ جسقدر جلد ممکن ہو سکے اجلاس ہمایون میں مکمل نوٹ تیار کرکے پیش کریں۔ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر قبل از تعین شرح تنخواہ افسران صیغہ سے مشورہ کرلیں۔ تاکہ انکو ہر اہلکار کے خدمات کی اہمیت اور دیگر مراتب پر عبور ہو جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور یہ روبکار درج گزٹ کیا جائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۶ ؍ مئی سنہ ۱۹۲۸ء

(۱) مجسٹریٹ درجہ اول آبکاری۔ مجسٹریٹ درجہ سوم [illegible]۔ آنریری مجسٹریٹ درجہ سوم میونسپلٹی اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر مجسٹریٹ درجہ دوم کے احکام سزا کا اپیل یا نگرانی بالفعل براہ راست اجلاس نواب ولیعہد بہادر میں دائر ہوتا ہے۔

(۲) اور دفعہ ۱۱۰ ضابطہ فوجداری اور دفعہ ۸۸ تعزیرات ہند کے مقدمات میں ہر مجسٹریٹ ریاست کے

حکم کا اپیل یا نگرانی اور دربکار اجلاس ہمایون معدرہ ۱۹ اپریل ۱۹۱۱ء کے مقدمات جنکا فیصلہ کی نگرانی بالفعل براہ راست اجلاس نواب ولیعہد بہادر میں ہوتی رہی-

۲ - بذریعہ روبکار اجلاس ہمایون مورخہ ۱۳ نومبر ۱۹۱۲ء بعض مقدمات دفعہ ۱۶۱ تعزیرات ہند کی سماعت کے لئے ہی مجسٹریٹوں کا ایک کمیشن مقرر کیا گیا ہے - اب حسب تحریک نواب ولیعہد بہادر حسب ذیل احکام نافذ کئے جاتے ہیں -

الف - ہر حکم سزا جو کسی مجسٹریٹ معرضہ مذکورہ بالا نے صادر کیا ہو اُسکا اپیل یا نگرانی (جیسی کہ صورت ہو) ضابطہ فوجداری کے احکام کے موافق اُسی عدالت میں دائر ہوگا - جسکو فوجداری میں ایسے اپیل یا نگرانی کی سماعت کا اختیار دیا گیا ہے -

(ب) حکم سزا زیر دفعہ ۱۸۰ تعزیرات ہند اور حکم دفعہ ۴۸۱ ضابطہ فوجداری کا جو باتحت کارروائی دفعہ ۱۱۰ صادر ہو اُسکا اپیل یا نگرانی (جیسی کہ صورت ہو) حسب احکام ضابطہ فوجداری اسی عدالت میں دائر ہوگا جسکو ایسے اپیل یا نگرانی کی سماعت کا اختیار حسب ضابطہ فوجداری حاصل ہے -

ج - اپیل ہائے مذکورہ الف و ب مندرجہ بالا کے اور مقدمات حسب دفعہ (۱) روبکار اجلاس ہمایون معدرہ ۱۹ اپریل ۱۹۱۱ء کی نگرانی بدستور سابق عدالت العالیہ میں دائر ہوگی -

د - دفعہ ۱۶۱ تعزیرات ہند کے مقدمات کی سماعت آیندہ بدستور سابق حسب منشاء معمولی عدالتہائے فوجداری میں ہوگی کمیشن مذکورہ مسدود کیا جاتا ہے -

۵ - جملہ اپیل ہائے مندرجہ اجلاس ہمایون کی سماعت بالفعل نواب ولیعہد بہادر بموجودگی دو سکریٹریز کے اپنی تجویز بحضور بدولت و اقبال بغرض منظوری بھیجتے ہیں یہ عمل آیندہ بھی بدستور جاری رہیگا -

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں - اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

لفظ عرض

جناب عالی

پیشگاہ عالی دام اقبالہم وملکہم سے صیغہ جات پولیس تعزیرات احتساب میونسپلٹی وغیرہ جو سمت ترقیجواہ کے سپرد ہوئے ترقیجواہ نے تھوڑے عرصہ صیغہ جات مذکور کی حالت کا اندازہ کیا تو بعض صیغہ جات میں اصلاح کام کے لحاظ سے ایسی ضرورت کا احساس ہوا کہ افسران صیغہ کو بعض صیغوں کے متعلق اختیارات میں وسعت دیجائے - چنانچہ بعض صیغہ جات میں ترقیجواہ کی تحریک پر افسران صیغہ کو اختیارات مجسٹریٹی پیشگاہ والاجاہ سے عطا ہوئے - صیغہ تمرین درجہ سوم کے اختیارات صاحب ایگزیکیوٹو انجینئر انہار کو اور میونسپلٹی میں درجہ دوم کے اختیارات صاحب طرفی سکریٹری بہادر کو اور درجہ سوم کے اختیارات آنریری طور پر منشی عبدالرحمن ممبر میونسپلٹی کو عطا ہوئے - اور تحصیلداران تحصیل شاہ آباد و تحصیل ملک کو دفعہ ۱۱۰ کی سماعت کے لئے مجسٹریٹی درجہ اول کے اختیارات عطا ہوئے - صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس مجسٹریٹ سرسری کو درجہ اول کے اختیارات سابق سے حاصل تھے - اور مجسٹریٹ انہار کو درجہ دوم کے اختیارات قبل سے حاصل تھے لیکن ترقیجواہ کی تحریک پر اول درجہ کے اختیارات اس زمانہ میں عطا ہوئے -

معرضہ بالا مجسٹریٹ صاحبان کا اپیل اور ریاست کے جملہ مقدمات دفعہ ۱۰۹ و ۱۱۰ کا اپیل بحضور پیشگاہ عالی دام اقبالہم وملکہم ترقیجواہ کے اجلاس میں ہوتا ہے - اب بفضل خدا و باقبال اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم جو اصلاح کام میں مقصود تھی وہ حاصل ہوگئی - چونکہ ہر حکومت کے احکام کا اجراء و نفاذ بلحاظ ضرورت و مصالح انتظامی ہوا کرتا ہے جیسے اب بحالت موجودہ ترقیجواہ کے نزدیک مناسب ہوگا کہ ان سب مجسٹریٹوں کا اپیل بجائے اجلاس ترقیجواہ میں آنے کے حسب قاعدہ صاحب مجسٹریٹ ضلع و جج وجوڈیشل میں جایا کرے اور دیگر مقدمات جوڈیشل برانچ کے جنکا اپیل اجلاس ہمایون میں ہوتا ہے اس برانچ کا اپیل بھی اجلاس ہمایون میں دائر ہوا کریں اور دفعہ ۱۶۱ کے لئے بمنظوری پیشگاہ عالیجاہ یہ قاعدہ مقرر ہو چکا ہے کہ تین مجسٹریٹ بطور کمیشن سماعت مقدمہ کیا کریں اور منظوری تجویز کمیشن اجلاس ترقیجواہ ہوا کرے - آیندہ کے لئے ۱۶۱ کے متعلق اگر پیشگاہ والاجاہ سے منظور فرمایا جاوے تو یہ عمل مناسب ہوگا کہ اگر معاملہ خفیف ہو تو زیادہ سے زیادہ تنبیہ یا قلیل سزا دیدیجائے اور سنگین معاملہ ہونیکی صورت میں عدالت کمیشن کے سپرد ہوا کرے کمیشن سے سزا دیدیجائے - اور اُسکا اپیل بھی حسب صراحت بالا اجلاس ہمایون تک جائے -

جملہ اپیل مندرجہ اجلاس ہمایون کی سماعت بموجودگی دو سکریٹری صاحبان بہادر جس طرح سے کہ اب سپرد ترقیجواہ ہے آیندہ بھی یہی عمل برقرار رہے - تو مناسب ہے - مستدعی کہ پیشگاہ والاجاہ سے حسب صراحت مندرجہ صدر احکام نافذ فرمائے جائیں - والادب

آفتاب دولت و اقبال درخشاں باد

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر
عرضی ۲۳ مئی ۱۹۲۳ء

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

اضافہ

۲۳ مئی ۱۹۲۳ء

مسئلہ رپورٹ میجر محمد خانصاحب بہادر ایڈیشنل درباره اضافہ سید منظور علی منصرم اصطبل پرنس پیلس -

حکم

بموجب رپورٹ سید منظور علی کی تنخواہ میں تین روپیہ اضافہ منظور ہے - حسب صدر احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۲۶ مئی سنہ ۱۹۲۸ء

کاغذات درخواست شکایت رشوت ستانی اشفاق الہی خان سب انسپکٹر تحقیقاتی انسپکٹر متعلقہ [illegible] ملاحظہ ہوئے۔ از روے تحقیقات سب انسپکٹر کا اکثر مواقع پر رشوت لینا ثابت رہی۔ شروع تحقیقات کے وقت سے ہی سب انسپکٹر مذکور معطل رہے لہذا اشفاق الہی خان سب انسپکٹر کا نام [illegible]ت سے از یوم غیر حاضری خارج کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ بعد اجراء احکام جملہ کاغذات صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہون۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۲۶ مئی سنہ ۱۹۲۸ء

بسلسلہ برخاستگی اشفاق الہی خان سب انسپکٹر سید صابر علیخان ولد حسن علیخان کو بطور کیڈٹ صیغہ پولیس میں بشاہرہ [illegible] روپیہ ماہانہ سب انسپکٹر مقرر کیا جانا منظور ہے۔ تا [illegible] لائن پولیس مین کام سیکھے گا۔
اشفاق الہی خان سب انسپکٹر کی [illegible] ماہانہ تنخواہ بھی اس انتظام مین [illegible] ماہانہ بچے جنکی بابت آیندہ حکم ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۲۶ مئی سنہ ۱۹۲۸ء

زمانہ عید الضحیٰ قریب ہے شہر اور اکثر دیہات مین قربانی ہوتی ہے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس [illegible] چوکیات علاقہ و شہر مین اطلاع دیدین کہ پولیس حلقہ بمستعدی کامل طور سے نگرانی رکھے کہ کسی جگہ کوئی جھگڑا فساد نہ ہونے پائے۔ اگر کہین نزاع کا خطرہ ہو تو قبل سے اخذ مچلکہ وغیرہ کی کارروائی کیجائے۔ پولیس ذمہ دار ہے کہ کوئی فساد نہ ہو۔ ورنہ سخت بازپرس کیجائیگی۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بھی خاص طور سے توجہ رکھیں اور ضروری انتظامات کا بندوبست کردین۔ انسپکٹران متعلقہ خاص طور پر نگرانی کرین۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور ایک نقل صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس بھیجدیجائے۔ تحصیلات سے بھی نگرانی ہونیکی ضرورت ہے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور۔ بابت ہفتہ چہارم ماہ مئی سنہ ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
نخود کسہ آمیز	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
ماش	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
مونگ	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
مکا	[illegible]	۰	۰	۰	۰	[illegible]	
چنا	[illegible]	۰	۰	۰	۰	[illegible]	
جوار	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
گوجئی	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
مسور	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
ارہر	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
برنج	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
روغن زرد	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
روغن کنجد	[illegible]	۰	۰	۰	۰	[illegible]	
نمک سانبھر	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
نمک لاہوری	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
قند سیاہ	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	۰	۰	۰	۰	[illegible]	

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اکتوبر لغایت مارچ سنہ ۱۹۲۸ء ششماہی اول

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		[illegible]	تفصیل		تفصیل فوتی								میزان		تفصیل		تفصیل امراض							[illegible]
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	[illegible]	مسلمان	ہندو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۸۳	۹۹	۱۵۴	۵۹	۲۵۰	۳۲۸	۱۲۲	۸۶	۵۸	۷	۶	۸۵	۸۵	۱۴۷	۱۳۹	۲۵۴	۴۵	۰	۳	۰	۳۲۸	۰	۰	۰	۳۳۱	
گنج	۱۵۱	۱۸	۸۱	۱۹	۲۷۳	۲۲۸	۷۲	۵۹	۳۳	۷	۱۲	۸۲	۴۳	۱۳۹	۱۳۸	۲۴۰	۲۶	۱	۰	۲۲۲	-	۰	۰	۰	۲۲۹	
[illegible]	۹۷	۹۳	۳۹	۳۳	۳۳۲	۱۲۶	۱۰۴	۲۲	۳۹	۳	۳	۵۳	۳۴	۸۱	۲۷	۴۹	۵۹	۰	۰	۱۲۶	۲	۰	۰	۰	۱۲۸	
[illegible]	۱۵۹	۱۵۳	۱۳۱	۱۱۸	۵۷۰	۲۹۰	۲۸۰	۴۸	۳۷	۳	۷	۹۹	۶۱	۱۴۹	۱۱۳	۱۴۲	۲۱۹	۱	۰	۰	۳۶۰	۰	۰	۰	۳۶۱	
شاہ آباد	۱۳۳	۲۰۰	۲۱۰	۲۹۱	۵۰۵	۲۲۵	۴۶۰	۹۳	۱۰۳	۲۵	۳۳	۵۳	۱۳۲	۲۷۰	۲۸۶	۱۳۶	۴۰۱	۰	۱	۰	۵۰۵	۰	۱	۳۶	۵۵۳	
پتوائی	۸۱	۱۳۰	۸۳	۲۴۰	۱۳۵	۱۴۵	۵۸۰	۲۹	۷۴	۱۱	۴۰	۹۹	۴۶	۱۵۹	۱۵۱	۷۷	۲۲۳	۰	۰	۰	۳۱۰	۰	۰	۰	۳۱۰	
ملک	۸۰	۵۳۳	۹۵	۴۳۱	۱۰۸۸	۱۳۵	۹۵۲	۱۱۱	۹۸	۳	۹	۲۲۳	۱۳۰	۲۴۹	۲۲۳	۲۲۹	۲۲۲	۰	۰	۰	۴۲۶	۳	۳	۰	۴۲۵	
بلاسپور	۲۰۳	۱۱۳	۱۳۵	۱۲۸	۲۵۰	۲۳۴	۳۱۶	۵۷	۴۶	۲۸	۱۹	۱۱۵	۴۰	۱۹۹	۱۵۵	۱۸۱	۱۴۳	۰	۰	۳۵۰	۰	۳	۰	۰	۳۵۴	
کیمری	۱۸۱	۳۰۹	۱۲۹	۱۲۲	۸۹۳	۳۱۰	۴۵۳	۳۵	۵۸	۲	۰	۱۱۹	۶۵	۱۹	۱۳۰	۱۰۸	۱۲۲	۰	۰	۲۹۱	۵	۳	۰	۰	۲۹۸	
سوار	۱۸۵	۱۳۹	۲۰۰	۸۹	۵۵۴	۲۲۹	۲۲۹	۵۲	۲۸	۲۰	۹	۱۰۵	۸۹	۱۴۹	۲۳۳	۱۴۹	۱۳۳	۰	۰	۳۲۵	۰	۰	۰	۰	۳۲۵	
ٹانڈہ	۲۰۱	۱۲۹	۱۳۲	۱۳۰	۵۰۳	۳۲۵	۲۳۹	۵۶	۵۴	۲۲	۲۳	۹۶	۴۴	۱۶۸	۱۵۲	۲۱۵	۲۱۹	۰	۳	۰	۳۰۱	۰	۳	۳۶	۳۳۴	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	